ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان

اگر پاکستان میں اُتنے ہی اسکول ہوتے جتنے کے سرکاری کاغذوں میں موجود ہیں، تو شاید اِس ملک میں تعلیم کا یہ حال نہ ہو رہا ہوتا۔ پھر شاید ہم بھی اپنی آئینی ذمہ داری پوری کرنے کے قابل ہوتے، اور تعلیم ہر پاکستانی بچے کا مستقبل ہوتی۔ پاکستان کے وجود میں آنے سے لے کر اب تک، تعلیم کبھی بھی حکمرانوں کی طرجیح نہیں رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کے تعلیمی بجٹ کم سے کم تر ہوتا جا رہا ہے۔

گھوسٹ اسکول آپ کو صرف کاغذوں پر ہی ملیں گے، اِس کے علاوہ اِن کا وجود اور کہیں بھی نہیں ہے۔ لیکن حیرت کی بات تو یہ ہے کہ اِن میں 'اسٹاف' بھی پورا ہوتا ہے، اور اُن کو تنخواہیں بھی باقاعدگی



سے دی جا رہی ہوتی ہیں۔ یہ اسٹاف صرف کاغذوں کی حد تک موجود ہیں، اور صرف خانہ پوری کے لیئے دکھایا جاتا ہے۔ اِن کو دی جانے والی تنخواہیں کچھ دوسرے ہی لوگوں کی جیبوں میں جا رہی ہیں۔ تعلیم میں ہونے والی یہ لوٹ مار کرپشن اور عوام کے پیسے کی خُرد بُرد کی بدترین مثال ہے۔ عوام کا کروڑوں روپیہ صرف چند ہاتھ بٹور رہے ہیں۔ اور عوام اپنے بنیادی آئینی حق سے سرے سے ہی محروم ہیں۔

گورنمنٹ کی اپنی رپورٹس ہم کو یہ بتاتی ہیں کہ کاغذوں میں اساتذہ تو بہت موجود ہیں، اور مستقل تنخواہیں بھی اُن کو دی جا رہی ہیں، مگر اُن کا وجود کہیں پر بھی نہیں ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ تعلیم کے معاملے میں ہم شاید حالاتِ جنگ میں ہیں تو غلط نہیں ہوگا، کچھ لوگ تو یہ کہتے ہیں کہ پاکستان میں تعلیم کا نظام ٹھیک نہیں ہو سکتا، مگر کچھ یہ بھی کہتے ہیں کہ ہم اپنے تعلیمی نظام میں اب بھی بہتری لا سکتے ہیں، لیکن اِس کے لیئے ہمیں پورے نظام کو دوبارہ سے دیکھنے اور ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے۔

PHOTO BY: Alex Stonehill/GlobalPost

ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان

پاکستان میں کرپشن کے خلاف ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے کردار کو سب جانتے ہیں۔ ALAC، ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کا ایک پروجیکٹ ہے جس میں کرپشن سے متاثر کسی بھی شخص کو مفت قانونی مشورے اور حکمت عملی بتائی جاتی ہے۔ اس کے ذریعے عام آدمی بھی اس قابل ہوسکتا ہے کہ کرپشن کے خلاف اپنے طور پر قانونی طریقے سے لڑ سکے۔

اپنے اِسی مشن کے سلسلے میں ALAC، پاکستان میں تعلیم میں ہونے والی کرپشن کے خلاف کام کا آغاز کر رہا ہے۔ اِس کام میں آپ بھی شریک ہوسکتے ہیں۔

- کیا آپ کے علاقے میں کوئی ایسا گورنمنٹ اسکول ہے جہاں زیادہ تر اساتذہ پابندی سے نہیں آتے؟
- کیا آپ کے علاقے میں کوئی ایسا گورنمنٹ اسکول ہے جو عرصہ دراز سے بند ہو؟
- کیا آپ کے علاقے میں کوئی ایسا گورنمنٹ اسکول ہے جو لوگوں کے ذاتی مقاصد کے لئے استعمال ہوتا ہو؟
- کیا آپ کے علاقے میں کوئی ایسا گورنمنٹ اسکول ہے جس کو فنڈز تو ملتے ہیں مگر وہ بنیادی سہولتوں سے محروم ہو؟

اگر آپ کا جواب ہاں ہے تو آپ ہم سے اِن طریقوں سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ALAC Pakistan

Mail: **5-C, 1st floor, Khayaban-e-Ittehad, Phase VII D.H.A, Karachi.**

Toll Free Phone : **0800-84711**

Fax : **021-35390410**

Email : **alacpakistan@gmail.com**, **ti.pakistan@gmail.com**

Website : **www.alacpakistan.com**